## سوال

(543) درود شریف کی بے ادبی

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اگر درود شریف کی بے ادبی ہو جائے تو اس کا کیا حل ہے ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اگر درود شریف کی بے ادبی کا سوال غیر واضح ہے اگر مقصود بلا وضو پڑھنا ہے تو یہ جائز ہے اور اگر مقصود یہ ہے کہ محل نجاست وغیرہ پر پڑھا گیا تو اس صورت میں اللہ تعالیٰ سے معافی مانگنی چاہیے صحیح بخاری میں قصہ افک کے ضمن میں مذکور ہے کہ ۔

«فان العبد اذا اعترف بذنب ثم تاب تاب اللہ علیہ»

"انسان جب اپنے گناہ کا اعتراف کرے پھر توبہ کرے تو اللہ تعالیٰ اس کی توبہ قبول فرماتے ہیں ۔"

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ مدنیہ

# ج1ص823

محدث فتویٰ